# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سامبا بینک لمیٹڈ ( "بینک" ) کا غیر معمولی اجلاس عام مورخہ 17 جنوری 2013 بروز جمعرات کو صبح 10:00 بجے بمقام ہوٹل بیچ لگژری، کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا:

**عمومی امور**

1۔ 28 مارچ 2012 کو منعقد ہونے والے 9 ویں سالانہ اجلاس عام کے منٹس کی توثیق کرنا۔

**خصوصی امور**

2۔ بینک کے سرمایہ میں ردوبدل بذریعہ شیئر کیپٹل میں کمی اور رائٹ شیئرز کے اجراء پر غوروخوض کرنا اور مندرجہ ذیل خصوصی قراردادیں منظور کرنا:

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ بینک کے سرمائے میں کی جانے والی کمی 6,252,347,656 روپے (چھ ارب دوسو باون ملین تین سو سینتالیس ہزار چھ سو اور چھپن روپے ) کرنا۔ اس سلسلے میں 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق 96 کے تحت سندھ ہائی کورٹ کراچی کے روبرو درخواست دائر کرنا اور اسے بذریعہ ہٰذا منظور کیا جاتا ہے۔

قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق 86 کے تحت 10 روپے فی شیئر کے حساب سے 200,000,000 (دوسو ملین ) شیئرز جن کی مالیت 2,000,000,000 روپے (دو ارب روپے ) ہے، ان کے رائٹس کا اجراء کیا جارہا ہے جو کہ منظور کی جاتی ہے۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری اور بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو مشترکہ اور /یا الگ الگ حیثیت میں اختیار دیا جاتا ہے کہ (i) بینک کے سرمائے میں کمی اور (ii) خوردہ قیمت کے ساتھ شیئر کے اجراء کے لئے ضروری مفید اور ضمنی اقدامات کریں اور یہ ضروری نہیں کہ تمام درکار منظوری، تیاری اور غیر معمولی اجلاس میں منظور کی جانے والی قرارداد کو جمع کروانا اور سیکورٹی اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو درکار دیگر تمام دستاویزات، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو درکار تمام دستاویزات کو جمع کرنا، ہر طرح کے سرٹیفکیٹ، درخواست، اطلاع، رپورٹ، خط اور دیگر کوئی بھی دستاویز یا ایسی ترک کی گئی دستاویز جس میں 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق 96 کے تحت سرمائے میں کمی اور 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق 86 کے تحت رائٹس شیئرز کا اجراء کے سلسلے میں کوئی تبدیلی یا متبادل کی ضرورت ہو، دیگر ضمنی اور مفید معلومات شامل ہوں۔

مزید قرارداد پیش کی جاتی ہے کہ کمپنی سیکریٹری یا بینک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو مشترکہ اور الگ الگ حیثیت میں بھی مزید اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق 96 کے تحت سندھ ہائی کورٹ کراچی کے روبرو بینک کے سرمائے میں کمی کے سلسلے میں درخواست دائر کریں اور یہ اختیار وکیل مقرر کرنے، حلف نامے داخل کرنے اور درخواستیں جمع کروانے تک محدود نہیں۔

غیر معمولی اجلاس عام میں طے پانے والے خصوصی امور کی تفصیل 1984 کے کمپنیز کے آرڈیننس کی شق (b)(1)160 کے تحت درکار ("(b)(1)160 اسٹیٹمنٹ") کی نقل شیئر ہولڈرز کو بمعہ نوٹس ہٰذا فراہم کی جارہی ہے۔ (b)(1)160 اسٹیٹمنٹ کی مزید نقول بینک کے رجسٹرڈ آفس 6th فلور سڈکو ایونیو سینٹر، ایم۔ ڈی۔ ایم وفائی روڈ کراچی سے شیئر ہولڈرز اجلاس سے قبل بذریعہ درخواست وصول کی جاسکتی ہے۔

**دیگر امور**

چیئرمین کی منظوری سے بینک کے دیگر امور پر غوروخوض۔

حسب الحکم بورڈ

صائمہ کاملا خان

کمپنی سیکریٹری

کراچی: 27 دسمبر 2012

نوٹس:

1۔ 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق (b)(1)160 کے تحت درکار وضاحتی بیان اس نوٹس کے ہمراہ شیئر ہولڈرز کو ارسال کیا جارہا ہے۔

2۔ بینک کے انتقال حصص کے کھاتے 11 جنوری 2013 سے 17 جنوری 2013 تک (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گے۔ جو ٹرانسفر آرڈر 10 جنوری 2013 کو کام کے اختتام تک رجسٹرار کے دفتر فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر 1-A 1st فلور، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی 74000 میں وصول ہوں گے ان کو غیر معمولی اجلاس عام کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3۔ ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا اہل ہو وہ اپنے بجائے دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے اور مخاطب کرنے کیلئے یا اپنا متبادل مقرر کرسکتا ہے۔ ایسے متبادل ممبر کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ بلائے گئے اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل بینک کے رجسٹرڈ آفس کو ایسے متبادل ممبر کی اطلاع کے دستاویزات موصول ہوں اور وہ مہر شدہ، دستخط شدہ اور تصدیق شدہ ہوں۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لئے ضروری ہے کہ وہ اجلاس میں شرکت کے لئے سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکولر نمبر 1 بتاریخ 26 جنوری 2000 میں درج ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

5۔ سی ڈی سی شیئر ہولڈر کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اجلاس میں شرکت کریں اور ووٹ دیں تاہم شیئر ہولڈرز کو لازمی طور پر اپنا قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ ساتھ لانا ہوگا۔ اس کے ساتھ اجلاس میں شرکت کا نمبر، فراہم کردہ اکاؤنٹ نمبر برائے شناخت کا ہونا لازم ہے۔ اور متبادل ممبر کی صورت میں قومی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل ہمراہ لانی ہوگی۔

6۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائیریکٹر کی قرارداد، نامزد شخص کا دستخط شدہ مختار نامہ، متبادل رکن کے فارم کے ساتھ جمع کروانا ہوگا اور اجلاس کے وقت شناخت کی غرض سے اصل دکھانا ہوگا۔

7۔ شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتوں میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر بینک کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، اسٹیٹ لائف بلڈنگ نمبر A-1، 1st فلور، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی کو آگاہ کریں۔

## 1984 کے کمپنیز آرڈیننس کی شق (b) (1) 160 کے تحت اسٹیٹمنٹ/بیان

1۔ یہ بینک پاکستان میں بطور بینکنگ کمپنی کام کررہا ہے۔ اس کے منظور شدہ سرمائے کی مالیت 15,000,000,000 روپے (پندرہ ارب روپے ) ہے۔ جس کو 1,500,000,000 (ایک ارب پانچ سو ملین ) شیئرز میں تقسیم کیا گیا ہے اور ایک شیئر کی قیمت 10 روپیہ ہے۔

2۔ بینک کا کل ادا کردہ اور جاری کردہ شیئر کیپیٹل 14,334,734,140 روپے (چودہ ارب تین سو چونتیس ملین سات سو چونتیس ہزار ایک سو چالیس روپے ) مالیت کا ہے جو 10 روپے کے حساب سے 1,433,473,414 (ایک ارب چار سو تینتیس ملین چار سو تہتر ہزار چار سو چودہ ) عام حصص میں تقسیم ہے۔

3۔ بینک اپنے سرمائے میں ردوبدل مندرجہ ذیل طریقے سے تجویز کرتا ہے:

(i) 1984 کے کمپنیز آرڈیننس (" کمپنیز آرڈیننس") کی شق 96 کے تحت سرمائے میں کی جانے والی کمی 6,252,347,656 روپے (چھ ارب دوسو باون ملین تین سو سینتالیس ہزار چھ سو اور چھپن روپے ) کی رقم پر مشتمل ہے۔

(ii) مزید سرمائے کا اجراء کمپنیز آرڈیننس کی شق 86 کے تحت رائٹس شیئرز کی صورت میں کیا جائے گا۔

4۔ سرمائے میں ردوبدل کرنے کا بنیادی مقصد جس میں سرمائے میں کمی اور اس کے نتیجے میں رائٹس شیئرز کی صورت میں مزید سرمائے کا اجراء شامل ہے تاکہ سرمائے میں اضافہ کیے بغیر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حکم کے مطابق 2012 اور 2013 کے لیے کم سے کم درکار سرمائے کی حد پوری کی جاسکے۔ چونکہ بینک کا موجودہ ادا کردہ سرمایہ تقریباً منظور کردہ سرمائے کے برابر ہے، اس لیے 6,252,347,656 روپے (چھ ارب دوسو باون ملین تین سو سینتالیس ہزار چھ سو چھپن روپے ) مالیت کے خسارے کو پورا کرنے کے لیے ادا کردہ سرمائے میں کمی کی جائے گی جو دستیاب اثاثوں میں مزید موجود نہیں۔ اس سے بینک کے فی شیئر کی ویلیو پر اثر پڑے گا، جس سے بینک کے معاون اثاثوں اور بینک کے امور میں استعمال ہونے والے سرمائے کی بہتر طریقے سے عکاسی ہوگی۔

samba سامبا